Southwestern Ontario Student
Transportation Services
mybigyellowbus.ca
Tel No: (519) 649 1160

5جون، 2023

ساؤتھ ویسٹرن اونٹاریو اسٹوڈنٹ ٹرانسپورٹیشن سروسز
2023-2024 سال کے لیےقابل رسائی اور خصوصی اسکول بس کی رجسٹریشن

اگلے تعلیمی سال کے لیے قابل رسائی اور خصوصی ٹرانسپورٹیشن بس کی رجسٹریشن (Accessible and Specialized Transportation Bus Registration) اب شروع ہو گئی ہے! طلباء کے لیے بس سروس کو زیادہ مؤثر طریقے سے شیڈول کرنے کے لیے، ساؤتھ ویسٹرن اونٹاریو اسٹوڈنٹ ٹرانسپورٹیشن سروسز (STS) کی طرف سے **ان طلباء کے لیے سالانہ لازمی ٹرانسپورٹیشن رجسٹریشن کا عمل ہے جو بس سروس کے اہل ہیں۔**

29 جولائی سے پہلے رجسٹر کرنے کے لیے، یہاں کلک کریں: 2023-2024 بس رجسٹریشن فارم (2023-2024 Accessible and Specialized Bus Registration Form)

اپنے طالب علم کی شناخت (Student ID) کو جانیں:
رجسٹر کرنے سے پہلے، دیکھ بھال کرنے والوں کو طالب علم کا شناختی نمبر جاننا چاہیئے، جو اسکول کے دفتر سے رابطہ کرنے پر یا اسکول کے پیرنٹ پورٹل پر دستیاب ہے۔

رجسٹریشن کی آخری تاریخ :
نقل و حمل کی درخواستیں 29 جون، 2023 کو بند کر دی جائیں گی تاکہ اسکول شروع ہونے سے پہلے راستوں کو حتمی شکل دی جا سکے۔

آپ کو اگلے سال بس سروس کی ضرورت نہیں ہے؟
اگر آپ بس سروس استعمال نہیں کر رہے ہیں، تو آپ کو رجسٹر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ براہ کرم spectrans@mybigyellowbus.ca پر ای میل کریں تاکہ STS کو معلوم ہو سکے کہ آپ کو اگلے تعلیمی سال بس کی ضرورت نہیں ہے۔

ایس ٹی ایس پیرنٹ پورٹل (STS Parent Portal) :
پورٹل اگست کے آخر میں ان تمام دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے کھلتا ہے جنہوں نے اسکول بس کے لیے رجسٹر کرایا ہے۔ پورٹل پر آپ کو بس کی تفصیلات (بس کا نمبر، بس اسٹاپ کے مقامات، اوقات، وغیرہ) ملیں گے۔ پیرنٹ پورٹل کو سیٹ اپ کرنے اور لاگ ان کرنے کے طریقے کی ہدایات ہماری ویب سائٹ پر یہاں مل سکتی ہیں : https://www.mybigyellowbus.ca/parent-portal/

اکثر پوچھے گئے سوالات:
ہم سمجھتے ہیں کہ آپ کے سوالات ہوں گے؛ ہم آپ کی مدد کے لیے یہاں موجود ہیں!

- اکثر پوچھے جانے والے سوالات کے لیے ہمارا ہیلپ پیج (Help Page) دیکھیں۔
- ہمارے رابطہ (Contact Us) کے فارم کا استعمال کرتے ہوئے ہمیں ایک پیغام بھیجیں
- ہماری رجسٹریشن کی ہاٹ لائن 519-649-1160 پر کال کریں

شکریہ،

ساؤتھ ویسٹرن اونٹاریو اسٹوڈنٹ ٹرانسپورٹیشن سروسز (Southwestern Ontario Student Transportation Services)
www.mybigyellowbus.ca